© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زباں میری ہے بات اُن کی

——— سود کے خلاف شرعی عدالت کے فیصلے کو چیلنج نہیں کیا بلکہ ہم صرف اپیل کرنے جا رہے ہیں (وفاقی وزیر قانون)

لعنت بر پدرِ فرنگ!

——— ابوظہبی کے ۲۶ میراج طیارے بھی بظاہر پاکستان کے استعمال میں ہیں۔ (آل انڈیا ریڈیو)

جلنے والے کا منہ کالا!

——— پیپلز پارٹی دس عورتوں اور دس نابالغ افراد پر مشتمل ہے۔ (شیخ رشید)

شیخ صاحب! یہی حال مسلم لیگ اور آئی جے آئی کا ہے۔

کچھ ان میں رنگ برنگیلے ہیں، کچھ خاصے چھیل چھبیلے ہیں

کچھ چھوٹے چیچ گنڈیری ہیں، دولت کی ہیرا پھیری ہیں

——— تھانیدار کی گاڑی مرمت کرنے والے کی تھانے میں مرمت۔ (ایک خبر)

حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا۔

——— نوجوان باکسر پہلے مقابلے میں چل بسا۔ (ایک خبر)

حق مغفرت کرے عجب آزاد مرد تھا۔

——— جئے سندھ کے لیڈر نے سالگرہ کا ۸۹ پونڈ وزنی کیک کاٹا (ایک خبر)

راجہ داہر کی بوڑھی اور بوڑھی اولاد کے چونچلے!

——— سود کے خاتمے سے معاشی نظام تباہ ہو جائے گا، شرعی طور پر "ربا" اور "سود" میں فرق واضح نہیں ہو سکا۔ (وزیر مملکت آصف احمد علی)

ایک مغرب زدہ "دریا بیٰ" اور قرآن کی تفسیر؟

قربِ قیامت اور ظہورِ دجّال کی واضح نشانی

——— پاکستانی وزیر ثقافت (شیخ رشید) مائیکل جیکسن کو پسند کرتے ہیں۔ (بی بی سی)

کیا مائیکل جیکسن کو بھی شیخ رشید پسند ہے؟

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



— گوجرانوالہ میں پی ڈی اے کے احتجاجی جلوس پر ڈنڈوں سے حملہ (ایک خبر)

پی ڈی اے : پاکستان ڈنڈا الائنس

— کشمیر کی بیٹیوں نے بھارتی فوجیوں کا راستہ روک لیا۔ (ایک خبر)

جذبۂ حریت نے سنگینوں کا منہ موڑ دیا۔

— سلمان تاثیر کی سابق سکھ بیوی "تا دلین سنگھ" کی پاکستان آمد اور سیاست دانوں سے ملاقاتیں (ایک خبر)

یہ مسلماں ہیں جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود۔

— الائیڈ ہسپتال فیصل آباد میں ڈاکٹر کی "لیڈی سویپر" سے "زیادتی"۔ (ایک خبر)

یہی تو "اپوا" کہتی ہے کہ عورت اور مرد کے حقوق برابر ہیں۔

— حکومت نے علماء کو جو دھوکا دیا ماضی میں کسی نے نہیں دیا۔ (سمیع الحق)

مولانا! اب بھی آپ کی یادداشت کمزور ہے۔ ۱۹۴۸ء میں شبیر احمد عثمانیؒ کے ساتھ کیا ہوا تھا۔؟ اب بھی حکومت الحق کی غلام ہے۔ اسلام کی نہیں۔

— چین سے ایٹمی پلانٹ کیوں لیا جا رہا ہے۔ امریکہ نے پاکستان سے وضاحت طلب کر لی۔ (ایک خبر)

نوں ماما لگنا اے!

— راک اینڈ رول، سیکس، منشیات، فیشن اور روپیہ یہی مغرب ہے۔ (سابق پاپ سنگر یوسف اسلام)

اور پاکستانی اے کلاس اسی مغرب میں گندھی ہوئی ہے۔

— ترقی پسند شاعر نعمت احمر کو ایک طالب علم نے قتل کر دیا، وہ شانِ رسولؐ میں گستاخیاں کیا کرتا تھا (ایک خبر)

جب بھی کوئی راج پال سر اٹھائے گا خدا غازی علم الدین پیدا کرتا رہے گا۔

— تھائی خاتون نے بیٹیاں بیچ کر بھینس خرید لی۔ (ایک خبر)

کوئی "ماں" ایسا نہیں کر سکتی۔

— دن میں پانچ بار کھانا کھاتا ہوں (شیخ رشید)

ابے او سیاست کی گھوڑی کے ٹٹو، یہ کیا ٹوٹی پھوٹی صفیں کھا رہا ہے۔

— آصف زرداری بھی سیاست دان ہیں تو خدا رحم کرے۔ (جام صادق)

© rasailojaraid.com

جام الشراب۔ ڈاکوؤں، چوروں، لٹیروں اور سیاست دانوں میں کیا فرق ہے؟

© rasailojaraid.com

—— سوویت یونین کے خاتمہ سے "یتیم" ہی نہیں پورا ایشیا یتیم ہو گیا ہے۔ (ڈیلی پیپلز)

اب "یتیم پلیجو" اور دیگر کمیونسٹ ایجنٹوں کو ماہانہ کون دے گا؟

—— ہتراں نواز ملاقات (ایک خبر)

غریب نواز ملاقات کا اہتمام کیجئے!

—— بے نظیر کو نااہل قرار دیا گیا تو پوری دنیا کے لئے سنجیدہ مسئلہ بن جائے گا۔ (امریکی سینیٹروں کا بش کو خط)

ع سیاست کی بازی گری توبہ توبہ پھوہڑ بھی شعلہ نوا ہو گئی ہے۔

—— خان عبدالغفار خان (باچا خان) بھارت کے عظیم دوست تھے۔ (نرسیما راؤ)

—— پاکستان باچا خان نے بنایا تھا۔ (ولی خان)

نرسی یا ولی دونوں میں سے کون جھوٹا ہے؟

—— سال کی آخری رات بمبئی کے ۷۰ شرابیوں کو بھی ساتھ لے گئی، نئے سال کو خوش آمدید کہنے کے لئے جام لنڈھانے والے ۱۰۰ افراد ہسپتال پہنچ گئے۔ (ایک خبر)

نالی میں ایک شرابی پڑا تھا۔ نشے میں اس کا منہ کھلا تھا،
کتے نے منہ میں پیشاب کیا تو بولا ساقیا! اور پلا، اور پلا، اور پلا

O حکمران خود جمہوریت میں ملاوٹ ہیں۔ نصراللہ خاں
اور نصراللہ خاں اسلام میں ملاوٹ!

O عارف حسینی کے قتل کا بڑا ملزم کیپٹن ماجد اور جنرل فضل حق کے قتل کا ملزم شاہجہان گرفتار کر لئے گئے۔
کولمبس نے امریکہ دریافت کر لیا۔

O جاپانی وزیراعظم کی دعوت میں جارج بش ہارٹ اٹیک
لیبیا اور پاکستان کیخلاف کسی بھی اقدام پر بُش کو آخری وارننگ

O شیخ رشید کی مائیکل جیکسن کے سلسلہ میں قاضی حسین احمد سے لے دے۔
قاضی صاحب اب پاکستان مائیکل جیکسنوں میں خود کفیل ہے۔

O نواز شریف پر اللہ کی خاص رحمت ہے۔ عبدالقادر آزاد
اور عبدالقادر آزاد پر نواز شریف کی خاص شفقت ہے۔

© rasailojaraid.com